# 26724 ـ سرسے گنجے شخص کے لیے سورج تکلیف دہ ہے کیا وہ احرام کی حالت میں اپنا سرڈھانپ سکتا ہے ؟

## سوال

ان شاء اللہ میں حج کرنے کی رغبت رکھتا ہوں لیکن مجھے ایک مشکل درپیش ہے کہ میرے سرکے بال گرچکے ہیں اورمیری جلد بہت ہی حساس ہے سورج کی شعائیں میری صحت پراثراندازہوتي ہیں اورسرکی جلدمیں بہت زیادہ جلن ہوتی ہے اورسرکی شریانیں خصوصا اورعموما چہرے کی شریانیں پھول جاتی ہیں ۔
جیسا کہ آپ کوعلم ہے کہ احرام کی حالت میں سرڈھانپنا منع ہے ، میری آپ سے گزارش ہے کہ مجھے اس حالت کے بارہ میں فتوی دیں ، آپ کے علم میں ہونا چاہیے کہ میرا قد بہت ہی چھوٹا ہے اورمیں چھتری نہیں اٹھا سکتا کیونکہ اس سے میرے ارد گرد کے لوگوں کوتکلیف ہوتی ہے اللہ تعالی آپ کی حفاظت اوردرست راہنمائي فرمائے ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب معاملہ ایسا ہی ہوجیسا کہ آپ نے ذکرکیا ہے توآپ احرام کی حالت میں سرڈھانپ لیں اورمکہ میں بطور فدیہ ایک بکرا ذبح کرکے فقراء میں تقسیم کریں یا پھر حرم کے چھ مسکینوں کو کھانا کھلائیں ، اورہرمسکین کو نصف صاع کھجور یا اپنے علاقے کی غذا دیں ، یا پھر تین دن کے روزے رکھیں۔

یہ حج کے احرام کے متعلق ہے اوراگر آپ نے عمرہ کا احرام باندھا توپھر آپ کے ذمہ ایک اورفدیہ ہوگا ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے اوراللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل اورصحابہ کرام پراپنی رحمتوں کا نزول فرمائے ۔

واللہ اعلم .